روزے کی حالت میں ڈائلیسز کروانا

مجیب: عبدہ المذنب محمد نوید چشتی عفی عنہ

فتوی نمبر: WAT-947

تاریخ اجراء: 04 محرم الحرام 1443ھ / 04 اگست 2022ء

دار الافتاء اہلسنت

(دعوت اسلامی)

سوال

ڈائلیسز سے سے روزہ ٹوٹ جاتا ہے یا نہیں؟

بِسۡمِ اللّٰہِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِیۡمِ

اَلۡجَوَابُ بِعَوۡنِ الۡمَلِکِ الۡوَھَّابِ اَللّٰھُمَّ ھِدَایَۃَ الۡحَقِّ وَالصَّوَابِ

ڈائلیسِس (خون کی صفائی) کے دو طریقے ہیں: (1) ہیموڈائلیسس (2) پیری ٹونیل ڈائلیسِس۔

(1) ہیمواڈائلیسِس کا طریقہ کار:

اس میں خون سے فاسد مادوں، اضافی نمک اور زائد پانی مشین کے ذریعے نکال لیا جاتا ہے، پھر دواؤں اور کیمیاوی و غذائی مواد کے اضافے کے ساتھ رگوں کے ذریعے خون جسم میں واپس لوٹا دیا جاتا ہے۔

ہیموڈائلیسس کا حکم:

اس طریقہ کار میں کوئی چیز منفذ (ایسا سوراخ کہ جس سے داخل ہونے والی چیز ڈائریکٹ معدے یا دماغ تک پہنچتی ہو، اس) سے جسم کے اندر نہیں جاتی اور نہ معدے یا دماغ میں جاتی ہے، اس لئے اس سے روزہ فاسد نہیں ہو گا۔

(2) پیری ٹونیل ڈائلیسِس کا طریقہ کار:

اس میں مریض کے پیٹ میں موٹی تہ تک سوراخ کرکے اندر معدے سے متصل بیرونی جھلی تک ایک پائپ ڈالا جاتا ہے اور پھر اس کے ذریعے ایک خاص قسم کا پانی "پیری ٹونیل فلوڈ" پیٹ کی جھلّی میں ڈالا، پھر باہر نکالا جاتا ہے۔

پیری ٹونیل ڈائلیسِس کا حکم:

اوپر مذکور پیری ٹونیل ڈائلیسس کے طریقہ کار سے ثابت ہوا کہ جراحی اور دوا پہنچانے کا یہ عمل پیٹ کے زخم میں دوا پہنچانے کے عمل کی طرح ہے، جس کا حکم امام اعظم علیہ الرحمۃ کے مذہب پر فسادِ صوم ہے، اور قضا واجب ہے۔

لہٰذا پیری ٹونیل ڈائلیسِس سے روزہ ٹوٹ جائے گا اور اس روزے کی قضا لازم ہو گی۔

احتیاط:

اس صورت میں اولاً یہ کوشش کی جائے کہ پیری ٹونیل ڈائلیسِس رات کو ہو تاکہ روزے کے ٹوٹنے اور پھر قضا کا سوال ہی پیدا نہ ہو اور کسی مجبوری کی وجہ سے دن میں ہی ڈائلیسِس کرائے، تو روزے کی قضا کرلے۔

وَاللہُ اَعْلَمُ عَزَّوَجَلَّ وَرَسُوْلُہ اَعْلَم صَلَّی اللہُ تَعَالٰی عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّم

Dar-ul-IftaAhlesunnat (Dawat-e-Islami)

www.daruliftaahlesunnat.net

daruliftaahlesunnat

DaruliftaAhlesunnat

Dar-ul-ifta AhleSunnat

feedback@daruliftaahlesunnat.net